1989ء سے مسلسل اشاعت
10 تا 16 نومبر 2023 | شمارہ نمبر 46 | جلد نمبر 35

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-


FAIR TRADE (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل




BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

weeklypaperbusiness.com
1989ء سے مسلسل اشاعت
ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف
پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ
اشاعت: بروز جمعۃ المبارک

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف



**ایڈیٹوریل بورڈ:**
پبلشر وایگزیکٹوایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

**چارجز: 100 روپے**
کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے
بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے
خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
ای میگزین 1500 روپے

for Online Pyments
Summit Bank
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171411296O
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
United Bank Ltd (UBL)
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

# کے ایم سی مارکیٹ حسن علی آفندی روڈ کے کرایوں میں 75 فیصد اضافہ

## گزشتہ تین سالوں میں 135 فیصد اضافہ ہو چکا ہے جو خلاف قانون ہے، اضافہ واپس لیا جائے، سید شاہنواز علی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی میونسپل کارپوریشن نے کے ایم سی مارکیٹوں کے کرایوں میں 2023-24 سال کے لئے 75 فیصد تک اضافہ کر کے چالان جاری کر دیئے ہیں۔ جس سے کے ایم سی کے دکانداروں میں بے چینی پیدا ہو گئی ہے۔ اس سلسلے میں صدر سدرن زون آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی اشن سید شاہنواز علی نے سینئر اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے ایم سی کو احتجاجی خط تحریر کر دیا ہے اور اس اضافے کو فوری واپس لینے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ اس خط کی کاپی میئر، ڈپٹی میئر کراچی اور کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کو بھی ارسال کی ہے۔ سید شاہنواز علی نے اپنے خط میں کہا ہے کہ کے ایم سی مارکیٹ حسن علی آفندی روڈ (0115) کی 58 دکانوں نے مجموعی طور پر 2022-23 میں 61 لاکھ 45 ہزار 560 روپے 20 فیصد اضافے کے بعد جمع کرا دیئے تھے جبکہ قانونی طور پر دس فیصد اضافے کی اجازت ہے۔ اس سے قبل بھی کے ایم سی 2021-21 اور 2022-23 میں بیس فیصد کے حساب سے تین مرتبہ اضافہ کر چکی ہے جو اب مجموعی طور پر تین سال میں 135 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر مارکیٹ کے دکاندار ہر سال یہ بھاری اضافے ادا کرنے سے قاصر ہیں اور انہوں نے ایسوسی ایشن سے اس سلسلے میں مداخلت کر کے اضافے ختم کرانے کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گزشتہ سال کے کرایوں میں 5 فیصد اضافے کے بعد نئے چالان جاری کئے جائیں۔

## تین سال کے وقفے کے بعد اپیما کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوبارہ انعقاد کا فیصلہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2020 میں گیارہویں اپیما کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کے بعد 2021، 2022 اور 2023 میں کرونا کے باعث اس ٹورنامنٹ کا تسلسل ٹوٹ گیا تھا۔ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ذرائع نے پیپر بزنس کو بتایا کہ اب 2024 میں میں اس سلسلے کو دوبارہ شروع کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں اور ابتدائی طور پر 4 فروری 2024 کی متوقع تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں کرکٹ ٹورنامنٹ کی خصوصی کمیٹی میں علی حیدر اور رضا شیخ سمیت متعدد سینئر اراکین شامل کئے جا رہے ہیں۔ جنہوں نے اس کے انتظامات کے حوالے سے ابتدائی خاکہ تیار کر لیا ہے جو کمیٹی کے قیام کے بعد اس کی منظوری سے کام کا باقاعدہ آغاز کر دے گی۔

## نیو یار رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس: شکایت کنندگان اور کسٹم کے خلاف ہرجانے کے دعوے کی تیاریاں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے ذرائع نے پیپر بزنس کو بتایا ہے کہ وہ اور دیگر امپورٹرز نے نیو یار رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس کی ہائی کورٹ سے کامیابی کے بعد اس کیس کی جعلی شکایت کر کے پیپر ٹریڈز کو نقصانات پہنچانے پر شکایت کنندہ کے خلاف ہرجانے کے مقدمات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا ہے جس میں کسٹم کے اعلیٰ حکام سمیت دیگر کو بھی فریق بنایا جائے گا جنہوں نے تمام تر لیب ٹیس رپورٹ اور خود کسٹم کی قائم کردہ کمیٹیوں کے برخلاف ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے امپورٹرز کو شدید نقصان اور ذہنی اذیت پہنچائی ہے۔

## گورنر سندھ سے کراچی چیمبر کے نومنتخب صدر افتخار احمد شیخ کی ملاقات

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر افتخار احمد شیخ نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ بدھ یکم نومبر کو جاری اعلامیہ کے مطابق گورنر سندھ نے ملک کے سب سے بڑے چیمبر کے صدر منتخب ہونے پر افتخار احمد شیخ کو مبارک باد دی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی معاشی صورتحال، کراچی کی صنعتوں کو درپیش مسائل، معاشی ترقی میں کاروباری برادری کے کردار اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاروباری برادری کا اہم ترین ادارہ ہے، اس کے اراکین ملک کی معیشت میں اہم مقام رکھتے ہیں۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ امید ہے کہ آپ کی سرپرستی میں یہ ادارہ مزید ترقی و کامرانی حاصل کرے گا۔ افتخار احمد شیخ نے نیک خواہشات کے اظہار پر گورنر سندھ کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے مزید کہا کہ گورنر سندھ کے مثالی فلاحی اقدامات میں کاروباری برادری ان کے ساتھ ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آفسیٹ پیپر پر اچانک اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا نفاذ، امپورٹرز میں بے چینی

## 3 نومبر 2023 کو بغیر نوٹس کے این ٹی سی نے وی بوک پر آفسیٹ پیپر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ کا اعلان کر دیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پانچ سال کی مدت کے 30 مارچ 2023 کو اختتام کے بعد نیشنل ٹیرف کمیشن نے 18 فروری 2023 کو مقامی کاغذ ملوں کی درخواست پر ڈیوٹی کی مدت ختم ہونے کے بعد سن سیٹ ریویو پر یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے اسے جاری کرنے کا اعلان کر دیا اور اس پر کسٹم نے کارروائی کرتے ہوئے 3 نومبر 2023 کو اچانک اسے اپنے سسٹم میں وی بوک پر بھی ڈال دیا۔ اس سلسلے میں قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ 30 مارچ 2018 کو برازیل، جاپان، چائنا، انڈونیشیا اور تھائی لینڈ سے درآمد ہونے والے آفسیٹ پیپر پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی پانچ سال کے لئے عائد کی تھی جس کی مدت 29 مارچ 2023 کو ختم ہوگئی تھی اور اسے جاری رکھنے کے لئے سن سیٹ ریویو کے حوالے سے کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا جو قانونی طور پر ضروری ہے لیکن 30 مارچ 2023 سے قبل کوئی نوٹس جاری نہ ہونے کے باوجود اور بغیر کسی قانونی نوٹیفکیشن کے 3 نومبر سے اس کا اطلاق کرنا غیر قانونی ہے۔ واضح رہے کہ کسٹم کی جانب سے وی بوک پر اینٹی ڈمپنگ اپ لوڈ ہونے کے بعد بغیر اس کی ادائیگی کے جی ڈی کی کلیرنس ممکن نہیں ہے۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ 29 مارچ کو اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کا نفاذ ختم ہو چکا ہے اور اب یہ عائد نہیں کی جا سکتی ہے۔ قانون کے تحت ڈیوٹی کے نفاذ کی مدت ختم ہونے سے کم از کم 30 دن قبل سن سیٹ ریویو کا نوٹس دیا جانا ضروری تھا جو نہیں دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلے میں امپورٹرز نے نیشنل ٹیرف کمیشن کے چیئرمین اور اراکین احمد شیراز، محمد اقبال تابش اور عمران ضیا کو خطوط تحریر کر دیئے ہیں۔ واضح رہے کہ 30 مارچ 2023 کو ڈیوٹی کے نفاذ کی مدت ختم ہونے کے بعد نیشنل ٹیرف کمیشن کے سیکریٹری نے کمیشن کی عدم موجودگی میں سن سیٹ ریویو کی کارروائی کی درخواست پر اسے جاری رکھنے کا اعلان کر دیا تھا جبکہ قانون کے تحت یہ اختیار صرف کمیشن کا ہے لہٰذا قانونی طور پر 29 مارچ کے بعد ڈیوٹی نافذ نہیں ہے۔ لہٰذا اب اس پر نئی درخواست پر کارروائی ہو سکتی ہے لیکن سابقہ ڈیوٹی کو جاری نہیں رکھا جا سکتا ہے۔ تاہم اس سلسلے میں امپورٹرز کو سخت مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ مزید برآں معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کو آفسیٹ پیپر برآمد کرنے والے ممالک نے ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن سے بھی رجوع کرنے پر بھی غور شروع کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے 29 مارچ 2023 کو ایک نوٹس کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ میسرز بلھے شاہ پیکجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے 10 فروری 2023 کو کمیشن کو درخواست (Sunset-Review) کی ہے کہ ان آئٹمز پر دوبارہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کر دی جائے بصورت دیگر مقامی صنعت کو نقصانات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تاہم کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اس وقت کمیشن کے چیئرمین اور ممبر کی نشستیں خالی ہیں اس لئے کورم نہ ہونے کے باعث کسی بھی کارروائی کا آغاز نہیں کر سکتا ہے۔ اس صورت حال کے باعث اب قانونی طور پر رائٹنگ پرنٹنگ پیپر پر کسی قسم کی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد نہیں ہے اور کمیشن کی جانب سے آئندہ کارروائی کے آغاز اور اس کے نفاذ کے اعلان تک فی الحال کوئی ڈیوٹی نافذ نہیں ہوگی۔ چیئرمین بزنس مین پینل اور اینٹی ڈمپنگ امور سے متعلق اپما کی کمیٹی کے چیئرمین محمد سلیم بیکیا نے تمام پیپر مرچنٹس کو ڈیوٹی کے خاتمے پر مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ آئندہ بھی اس کے نفاذ کی کوششوں کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ نیشنل ٹیرف کمیشن نے ڈیوٹی کے خاتمے سے 3 ماہ قبل 28 دسمبر 2022 کو اس ڈیوٹی کے مکمل ہونے کے بارے میں نوٹس شائع کر دیا تھا جس کے جواب میں بلھے شاہ پیکجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ نے اس کے دوبارہ نفاذ کے لئے درخواست دائر کی تھی جس کے بعد کسٹم کے وی بوک سسٹم سے بھی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ سے متعلق نوٹس کو بھی ہٹا دیا گیا۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ 26 اپریل 2017 کو کمیشن نے مینوفیکچررز و درآمد کنندگان دونوں کو ملک کے موجودہ حالات کے مطابق خوش رکھنے کی کامیاب کوشش کرتے ہوئے کہا تھا کہ کمیشن قانون کے مطابق اس بات پر مطمئن ہے کہ رائٹنگ و پرنٹنگ پیپر پر عبوری اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کر دی جائے تاہم وہ فی الحال اسے نافذ نہیں کر رہا ہے۔ این ٹی سی کے اس فیصلے کو سندھ، لاہور ہائی کورٹ سمیت دیگر درآمد کنندگان نے چیلنج کر رکھا تھا جس کے باعث این ٹی سی اسے نافذ نہیں کر سکا تھا۔ بلھے شاہ پیکیجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کی درخواست پر 16 جنوری 2016 کو اینٹی ڈمپنگ ایکٹ کے تحت شروع کی گئی تحقیقات کی روشنی میں اینٹی ڈمپنگ کی شرح کا تعین انڈونیشیا کے برآمد کنندگان کی جانب سے فراہم کی گئی معلومات و اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا گیا تھا جبکہ دیگر ممالک کے لیے ڈمپنگ کی شرح کا تعین دفعہ 32 کے تحت بہترین دستیاب معلومات کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ کمیشن نے زیر تحقیق پیپر کے آئٹمز اچ ایس کوڈ 4802-5510, 4802-5600, 4802-5700, 4802-6100& 4802-6200 کی برازیل، چائنا، انڈونیشیا، جاپان اور تھائی لینڈ سے ڈمپ قیمتوں پر پاکستان میں امپورٹ پر درآمدی ویلیو کی بنیاد پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی چارٹ میں درج شرحوں سے نافذ کی گئی تھی۔ اس کی شرحیں درج ذیل چارج میں دی گئی ہیں۔

| Exporter/ Producer | Antidumping Duty % of C&F Price |
|---|---|
| **Brazil** | |
| • All exporters | 42.80 |
| **China** | |
| • All exporters | 21.90 |
| **Indonesia** | |
| • PT. Indah Kiat Pulp and Paper Tbk | 10.62 |
| • PT. Pabrik Kertas Tjiwi Kimia Tbk | 10.62 |
| • PT. Pindo Deli Pulp and Paper Mills | 10.62 |
| • PT. Riau Andalan Kertas | 20.66 |
| • All others | 20.66 |
| **Japan** | |
| • All exporters | 50.39 |
| **Thailand** | |
| • All exporters | 14.25 |

## انڈونیشین آفسیٹ پیپر بغیر اینٹی ڈمپنگ کے کلیئر ہونا شروع

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر پر کسٹم نے نیشنل ٹیرف کمیشن کی درخواست پر بغیر نوٹس اور کارروائی کے 3 نومبر کو جو اینٹی ڈمپنگ کا نفاذ کیا تھا اس کا اطلاق انڈونیشیا کے امپورٹرز پر نہیں ہوا ہے اور انڈونیشیا کی تمام انٹریز بغیر اینٹی ڈمپنگ کے کلیئر ہو رہی ہیں۔ اس سلسلے میں آئی بی ایم کے سربراہ محمد سلیم بیکیا نے پیپر بزنس سے ایک انٹرویو میں کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ انڈونیشیا پر اینٹی ڈمپنگ کے نفاذ کے خلاف اینٹی ڈمپنگ اپیلٹ ٹریبونل نے اپنا فیصلہ دیتے ہوئے اسے کمیشن کو دوبارہ زیر غور لا کر فیصلہ کرنے کا کہا تھا جس پر اب تک کمیشن نے کوئی شرح متعین ہی نہیں کی ہے اس لئے انڈونیشیا پر جب ڈیوٹی متعین ہی نہیں ہے تو اس کے نفاذ کا کوئی جواز نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک سے امپورٹ پر بدستور اینٹی ڈمپنگ کا نفاذ برقرار ہے جب تک کوئی قانونی حکم کمیشن یا عدالت سے جاری نہیں ہو جاتا۔ ٹریڈ انٹرنیشنل کے بلال زاہد نے بھی پیپر بزنس کے استفسار پر اس بات کی تصدیق کی ہے کہ صرف انڈونیشیا کے مال بغیر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے کلیئر ہو رہے ہیں جبکہ دیگر ممالک کے بارے میں صورت حال جوں کی توں ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# بین الاقوامی مارکیٹ: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر اور فوٹو کاپیئر باکسز میں 30 ڈالر فی ٹن اضافہ

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتوں کی عالمی مارکیٹ سے موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا کے آفسیٹ اور فوٹو کاپی پیپر کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں فی میٹرک ٹن اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ان قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیوں کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے شیٹس 70 گرام، 890ڈالر سے بڑھ کر 920ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔جبکہ آئی کے ریلز 860ڈالر سے بڑھ کر 890ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے شیٹس 60 گرام، 920ڈالر سے بڑھ کر 950ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔جبکہ آئی کے ریلز 890ڈالر سے بڑھ کر 920ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگئی ہیں۔فوٹو کاپیئر باکسز بی ایل سی اینڈ پی پی سی براؤن، 70 گرام، 900ڈالر سے بڑھ کر 930ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 80 گرام، 890ڈالر سے بڑھ کر 910ڈالر فی میٹرک ٹن ہوگیا ہے۔ انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔تفصیلی سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

# آرٹ کارڈ و پیپر، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر، بلیچ بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، مقامی ڈپلیکس بورڈ میں کمی

## انتخابات کے اعلان نے اسٹیکر کی مارکیٹ میں آگ لگادی۔ایک ہفتے میں قیمتوں میں 1500 روپے پیکٹ تک اضافہ ریکارڈ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 8 نومبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، نیو یا آرٹ پیپر میٹ اور گلوس، بلیچ بوڈ نگبو گولڈ ، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی، آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ، اسٹیکر پیپر یونگی، سپر ٹیک، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک لیبل ٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔جبکہ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اور ڈبل اے، مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ ون وائٹ، لاثانی نیچرل، رائیڈر وائٹ بیک، میگا ٹاپ اور شاہین نیچرل بیک کی کمی دیکھنے میں آئی۔دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے ملک میں عام انتخابات کے لئے 8 فروری 2023 کی تاریخ کے اعلان کے ساتھ ہی ایسا محسوس ہوا ہے اسٹیکر کی مارکیٹ میں آگ لگ گئی اور ہر طرف ذخیرہ اندوزوں نے اسٹیکر کا ذخیرہ کرنا شروع کر دیا اور ذخیرہ اندوزوں نے ملی بھگت کے ذریعے اس کی قیمت میں اچانک 1200 روپے سے 1500 روپے پیکٹ تک کا اضافہ کر دیا ہے۔اس کے علاوہ بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمتوں میں اضافے اور ڈالر کی قدر میں دوبارہ اضافے نے درآمدی پیپر و پیپر بورڈ کی قیمتوں پر اثر ڈالا ہے اور قیمتوں میں 30 روپے فی کلو سے زائد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 310، 300، 260، 250، 210 ، 200، 190 اور 350 گرام، 365 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ بورڈ ون وائٹ تمام سائز 250 گرام 212 روپے سے کم ہو کر 211 روپے اور 290 گرام، 210 روپے سے کم ہوکر 208 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 192 روپے سے کم ہوکر 180 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 190 روپے سے کم ہوکر 180 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 155 روپے سے کم ہوکر 147 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 300 -250 گرام، اور تمام سائز 350 گرام، 152 روپے سے کم ہوکر 147 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ نگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 335 روپے سے کم ہو کر 332 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 318 روپے سے بڑھکر 323 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 315 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 440 روپے سے بڑھ کر 480 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 75، 70 اور 80 گرام، 430 روپے سے بڑھ کر 470 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 53 گرام، 240 روپے سے کم ہو کر 235 روپے، تمام سائز 63 گرام، 260 روپے سے کم ہوکر 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام 280، روپے سے کم ہوکر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 970 روپے سے بڑھ کر 1180 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔پی پی سی براؤن 80 گرام، 1400 روپے سے کم ہوکر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 70 گرام 960، روپے سے بڑھ کر 1180 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 980 روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 1400 روپے سے کم ہوکر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آریا 70 گرام، 930 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔میرم دبئی 70 گرام، 920 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 3800 روپے سے بڑھ کر 5200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر سپر ٹیک، 20x30 سائز، 3800 روپے سے بڑھ کر 5200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 3800، روپے سے بڑھ کر 5200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز 3650، روپے سے بڑھ کر 5000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 3750 روپے سے بڑھ کر 4500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 4000 روپے سے بڑھ کر 5200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاکستان کسٹمز 'لیکنگ انٹرنیشنل ویلیوز' سسٹم سے منسلک

## پیپر سمیت متعدد اشیا کو 30 جون تک اس نظام سے منسلک کر دیا جائے گا۔ ایشیا پلپ اینڈ پیپر بھی لنک میں شامل

لاہور (بزنس ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ جنرل ویلیوایشن کسٹمز نے پاکستان بھر میں لائیو (انٹرنیشنل ویلیوز کو لنک کرنے) کا نظام شروع کیا ہے تا کہ بین الاقوامی پبلیکیشنز کی اشیاء/سامان کی قیمتوں کے ڈیٹا کو ویبوک سسٹم کے ساتھ ڈیجیٹل طور پر مربوط کیا جا سکے۔ ذرائع نے بتایا کہ غلط انوائسنگ (عام طور پر انڈر انوائسنگ) کے نام سے جانا جاتا ہے) کے بارے اسی مسئلے سے نمٹنے کے لیے، پاکستان کسٹمز نے ایک الیکٹرانک حل تیار کیا ہے جسے حال ہی میں ڈائریکٹوریٹ جنرل ویلیوایشن (کسٹمز)، کراچی نے شروع کیا ہے۔ یہ نظام، جسے لائیو (انٹرنیشنل ویلیوز کو لنک کرنے) کہا جاتا ہے، کو ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن ٹیم نے تیار کیا ہے اور اسے ڈیجیٹل طور پر ویبوک سسٹم کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔ یہ نظام معروف بین الاقوامی پبلیکیشنز سے مختلف اشیاء اور اشیا کی موجودہ قیمتوں کا ڈیٹا فراہم کر کے کام کرتا ہے، جو اسیسنگ آفیسرز کو اعلان کردہ اقدار کی جانچ پڑتال کرنے اور تغیرات کی صورت میں دوبارہ جائزہ لینے کے قابل بناتا ہے۔ درآمدی اشیا کی تشخیص کو بہتر بنانے کے لیے موجودہ نظام کی اوور ہالنگ موجودہ اصلاحاتی کوششوں کے اہم مقاصد میں سے ایک ہے۔ آمدنی کے رساؤ کو کم کرنے اور ٹیکس کے فرق کو کم کرنے کے لیے متعدد مداخلتوں کو ڈیزائن کیا گیا ہے اور انہیں وزیراعظم کے اسٹریٹجک روڈ میپ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ لائیو سسٹم کو پاکستان کسٹمز کی ایک ٹیم نے تجویز کیا تھا، جس میں موجودہ ممبر کسٹمز- آپریشنز شامل تھے، کسٹمز ویلیوایشن پر ایک اسٹڈی رپورٹ میں جو مئی 2019 میں جاری کی گئی تھی۔ اسٹڈی رپورٹ میں تجویز کردہ دیگر مداخلتوں میں ایک مضبوط رسک مینجمنٹ سسٹم، ایک موثر پوسٹ کلیرنس آڈٹ ڈیپارٹمنٹ اور ایک جدید ترین آئی سی ٹی حل شامل ہے تا کہ کسی بھی ترقی یافتہ معیشت کے برابر مکمل ایکو سسٹم فراہم کیا جا سکے۔ چند ماہ قبل پاکستان کسٹمز کی جانب سے ان تمام سفارشات پر فاسٹ ٹریک پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ نیا نظام نہ صرف شائع شدہ قیمت کو تشخیص کرنے والے افسران کے لیے ڈیجیٹل طور پر مرئی بناتا ہے، بلکہ یہ کسی شے کی تشخیص کے لیے اس تشخیصی افسر کے ذریعے اس کے استعمال کی تصدیق بھی کرتا ہے۔ مزید برآں، اس طرح کی تشخیص 90 دن کے ڈیٹا کا حصہ بن جاتی ہے جس سے ٹرانزیکشنل ویلیو ڈیٹا کے معیار کو مضبوط/بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ LIVE سسٹم کے آغاز کے پہلے مرحلے میں، مربوط بین الاقوامی پبلیکیشنز میں لندن میٹل بلیٹن شامل ہیں۔ عوامی لیجر؛ ابھرتی ہوئی ٹیکسٹائل، پلیٹس، رائٹرز، آئی سی آئی ایس اور ایشین پلپ اینڈ پیپر (رسی کی معلومات)۔ مذکورہ اشیاء کی درآمدی مالیت (مالی سال 2021-22 کے دوران) 821 ارب روپے ہے۔ حکام نے مزید کہا کہ وزیراعظم کے اسٹریٹجک روڈ میپ کے مطابق، دیگر اہم اشیاء (جیسے کیمیکل، خوردنی تیل، لیپت اور غیر کوٹیڈ کاغذ، پالیئیسٹر فلیمنٹ یارن اور فائبر، اور دیگر اشیاء) کی قدروں کو 30 جون تک سسٹم میں ضم کر دیا جائے گا۔

# لاہور چیمبر کلاسیفائیڈ ڈائریکٹری آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کا اجرا

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے کلاسیفائیڈ ڈائریکٹری آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کا اجرا کر دیا ہے جس میں کاروباری ڈیٹا کی وسیع رینج موجود ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبران فریحہ یونس، راجا حسن اختر، وسیم یوسف اور سیکرٹری جنرل شاہد خلیل بھی اس موقع پر موجود تھے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی کلاسیفائیڈ ڈائریکٹری آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں 4949 مینوفیکچررز، 8737 امپورٹرز، 4984 ایکسپورٹرز، 8762 سروسز سیکٹر اور 15036 ٹریڈرز کا ڈیٹا موجود ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ملک کا واحد چیمبر ہے جو اپنے ممبران کے لیے سیکٹر کے لیے مخصوص ڈائریکٹریز باقاعدگی سے شائع کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پراجیکٹس کی طرح یہ پراجیکٹ بھی سیلف فنانس ہے اور لاہور چیمبر کی آمدن سے ان پر کوئی پیسہ خرچ نہیں کیا جا رہا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے سال کی نسبت اس سال لاہور چیمبر کے اثاثہ جات میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ اگر کسی بیرونی فرم کے ساتھ کوئی پراجیکٹ کیا جائے تو وہ بھی صرف پرافٹ شیئرنگ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ کاشف انور نے کہا کہ معلومات سفارتخانوں سمیت صحیح فورمز پر پہنچانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی کلاسیفائیڈ ڈائریکٹری آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے تا کہ کاروباری اداروں کو آسانی سے مطلوبہ معلومات میسر ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام معلومات کو سیکشن اور سب سیکشن میں تقسیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر کے ممبران کی تعداد پینتیس ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ لاہور چیمبر کی عمارت کو اس کی اصل حالت میں بحال کر رہے ہیں اور لاہور چیمبر کی آمدن بڑھانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر کی عمارت کو توسیع دینے اور پارکنگ کی جگہ بڑھانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور چیمبر نے حال ہی میں بریسٹ کینسر پر آگاہ سیمینار سمیت دیگر اہم ایونٹ منعقد کیے ہیں جبکہ جلد ہی اچیومنٹ ایوارڈز اور وومن انٹرپینیورز کے لیے ایونٹ سمیت دیگر اہم ایونٹس بھی منعقد کیے جائیں گے۔



لاہور پیپر مارکیٹ کے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ممبران کا ماہانہ اجلاس باؤ محمد بشیر کے دفتر میں منعقد ہو رہا ہے، لیڈر آف بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ و دیگر شریک ہیں۔

## پی آئی اے کا عمرہ کرایوں میں کمی کا اعلان

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) نے عمرہ کرایوں میں فوری کمی کا اعلان کر دیا۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق کرایوں میں کمی کے بعد لاہور، اسلام آباد، سیالکوٹ، پشاور، ملتان، فیصل آباد سے جدہ کے لئے دوطرفہ عمرہ کرایہ 87000 روپے علاوہ ٹیکس ہو گیا جبکہ کراچی اور کوئٹہ سے عمرہ کرایہ 79000 روپے علاوہ ٹیکس ہو گیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کا کہنا ہے کہ یہ کرائے فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## انٹرمیڈیٹ بورڈ سکھر کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:BISE/STORE/SUK/178

امتحانی میٹریل، آنسر اسکرپٹس اور اسٹیشنری کی پرنٹنگ
آفس اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:21 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: دفتر سیکریٹری، سکھر۔

فون:071-9310622

## سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن کراچی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:LP/T-1884/23

بلیوٹرائل پیپر، سائز 80+5,695x810mm گرام، تعداد: 500 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:21 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔

فون:02111117772 EXT:2204-2213

## سول ایوی ایشن اتھارٹی لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:17 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: آفیسر انچارج لاجسٹک، لیول فور، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ، لاہور۔

فون:042-99240539

## انٹرمیڈیٹ بورڈ لاڑکانو سندھ کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:BISE/Store/LRK/333/2023

پلین پیپر اے تھری سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد:50 باکسز

فوٹو اسٹیٹ پیپر اے فور سائز، 80 گرام امپورٹڈ، تعداد:250 ریم

ڈپلیکیٹ پیپر اے فور سائز، 70 تا 68 گرام امپورٹڈ، تعداد: 10000 ریم

وائٹ پلین پیپر اے فور سائز، 70 گرام امپورٹڈ، تعداد: 10000 ریم

امتحانی میٹریل کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: سیکریٹری، آفس، لاڑکانو، سندھ۔

فون:074-4759016

## بینظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کراچی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:BBSU/PD/EE/94

امتحانی کاپی اے اور بی کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:4 دسمبر 2023ء

برائے رابطہ: ایگزیکٹو انجینئر آفس، فقیر محمد دراخان روڈ، نزد کشتی چوک، لیاری، کراچی۔




فون:021-99216536

## فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کراچی کا اسٹیشنری و لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:17 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، ساتویں سینٹرل اسٹریٹ، فیز ٹو، ڈی ایچ اے، کراچی۔

فون:021-99266400-10 EXT:237-330

## اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد: 550 ریم۔

پیپر پارٹ ا سائز 65,11x15 گرام، تعداد: 180 باکس فی باکس 2000 شیٹ

اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: کیشئر، سب آفس، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

## اسٹیٹ بینک کراچی کے پیپر و لفافوں کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر:

KHI(Gs.Div)/059488/23/ComputerPaper/23-24

مختلف اقسام کے کمپیوٹر پیپرز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: جنرل سروسز یونٹ، بینکنگ سروسز کارپوریشن، دوسری منزل، مین بلڈنگ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔

فون:021-33115257

ٹینڈر حوالہ نمبر:

GSD(Proc-III)58207/Paper&Envelope/23-24

پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد: 1500 باکسز

پیپر اے تھری سائز، تعداد: 10 باکسز

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد:10 باکسز

مختلف سائز کے لفافے، بڑی مقدار میں۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: پروکیومنٹ ڈویژن، تھری، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، چوتھی منزل، بی ایس سی ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی۔

فون:021-32455415-32455472

## پنجاب ہیلتھ فاؤنڈیشن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ منیجر پروکیومنٹ، پونچھ ہاؤس، 38 ملتان روڈ۔ لاہور۔ فون:042-99210984-5

## واٹر ٹیسٹنگ لیبارٹری لاہور کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر اے فور اور لیگل سائز 80 گرام، لفافے اور اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: پرنسپل سائنٹسٹ آفس، ٹھوکر نیاز بیگ، ملتان روڈ، لاہور۔

فون:042-99233587

## پرنٹرز کی پری کوالی فکیشن

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: ایسوسی ایٹ پروکیومنٹ آفس، پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ، 125 ابوبکر بلاک، نیوگارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون:042-99231190-92

## اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان کا پیپر کا ٹینڈر

وائٹ لوکل پیپر، سائز 68,17x27 گرام، ہائی فنش

تعداد: 26000 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: اسٹور برانچ، ملتان۔

فون:061-9210019

## پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:9/2023-24/Gen.Stationary

پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد:1200 ریم
(پی پی سی، بی ایل سی یا مساوی)

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد:150 ریم
(پی پی سی یا مساوی)

پیپر اے فور سائز، 70 گرام، تعداد:1400 ریم
(پی پی سی، بی ایل سی یا مساوی)

اسٹیشنری آئٹمز (بڑی مقدار میں)

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 نومبر 2023ء

برائے رابطہ: پروکیومنٹ ڈپارٹمنٹ، ہیڈ آفس، 185 احمد بلاک، نیوگارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون:042-99333161-8



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آئی ایم ایف سے مذاکرات جاری، ٹیکس ایمنسٹی اسکیم نہیں لائی جائے گی

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق ٹیکس استثنیٰ کے خاتمے کیلئے عملدرآمد رپورٹ مرتب کر لی جس کو آئی ایم ایف ٹیم کیساتھ شیئر کیا گیا ہے اور آئی ایم ایف کو نئی ٹیکس ایمنسٹی سکیم نہ لانے کی یقین دہانی کرادی گئی ہے، ذرائع کے مطابق ایف بی آر حکام اور آئی ایم ایف کے مابین جمعہ 3 نومبر کو تکنیکی سطح کے مذاکرات ہوئے، آئی ایم ایف کو ٹیکس ریونیو میں اضافے، ریفنڈز ادائیگیوں، ٹیکس چھوٹ کے بتدریج خاتمے اور ٹیکس بیس میں اضافے کیلئے کیے گئے اقدامات اور پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی گئی، ایف بی آر کی جانب سے آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد سے متعلق رپورٹ پیش کی گئی جس میں بتایا گیا ہے کہ جولائی سے ستمبر 2023 تک انکم ٹیکس ریفنڈز ادائیگیوں کا ہدف حاصل کرلیا گیا ہے، ستمبر تک انکم ٹیکس ریفنڈز ادائیگیاں 250 ارب روپے تک محدود کی جانی تھیں، ستمبر تک انکم ٹیکس ریفنڈز ادائیگیوں کو 200 ارب روپے تک محدود کیا گیا، انکم ٹیکس ریفنڈز ادائیگیوں میں بتدریج کمی کی جارہی ہے قرض پروگرام میں رہتے ہوئے ایف بی آر نے پہلی سہ ماہی کے دوران ٹیکس چھوٹ نہیں دی، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ریونیو ٹارگٹ، ریفنڈز ادائیگیاں اور ٹیکس چھوٹ پر آئی ایم ایف شرائط پر عملدرآمد جاری ہے، آئی ایم ایف ٹیم کو آگاہ کیا گیا کہ ایف بی آر نے پہلی سہ ماہی جولائی تا ستمبر 2 ہزار 41 ارب روپے سے زیادہ ٹیکس جمع کیا گزشتہ سال کے مقابلے میں 23 فیصد گروتھ ہوئی اور 397 ارب زیادہ ٹیکس جمع کیا گیا، ستمبر تک 128 ارب روپے سے زیادہ کے ریفنڈز بھی جاری کیے گئے انکم ٹیکس 934 ارب، سیلز ٹیکس 727 ارب، ایکسائز ڈیوٹی 127 ارب 58 کروڑ جمع کیے گئے، تین ماہ میں کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 252 ارب روپے سے زیادہ ریونیو جمع کیا گیا انکم ٹیکس کی مد میں 246 ارب اضافی جمع کیے گئے، سیلز ٹیکس میں 82 ارب زیادہ آمدن ہوئی، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی 48 ارب 46 کروڑ روپے اور کسٹمز ڈیوٹی میں 20 ارب سے زیادہ گروتھ رہی، ابتدائی 4 ماہ میں گزشتہ سال سے 590 ارب زیادہ یعنی 2 ہزار 748 ارب ٹیکس ریونیو جمع کیا گیا اور رواں مالی سال کا ٹیکس ہدف 9415 ارب روپے کے حصول کیلئے پرعزم ہیں۔ ایف بی آر نے 90.4 کھرب روپے کے ٹیکس جمع کرنے کے ہدف کے حصول کے لیے آمدن کے ذرائع ایف بی آر سے شیئر کیا ہے تاکہ فنڈ کے اسٹاف نے اس پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے کم درآمدات کے باعث سیلز ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹی سے ہونے والی آمدنی میں کمی کے ممکنہ خطرات کی نشاندہی کی۔ ایف بی آر کے اعلیٰ حکام نے آئی ایم ایف کو قائل کرنے کی ہر ممکن ہوشش کی کہ وہ 90.4 کھرب روپے کی آمدن حاصل کرنے کا ہدف جون 2024 تک پورا کرلیں گے کیونکہ یہ پہلے ہی طے شدہ ہدف میں سے جولائی اکتوبر تک کا ہدف یعنی 66 ارب روپے جمع کر چکا ہے۔ آئی ایم ایف کا مشن تاحال پوری طرح قائل نہیں ہو پایا کہ ایف بی آر اپنا طے شدہ ٹیکس ہدف 90.4 ارب روپے حاصل کر پائے گا لیکن فنڈ کے اسٹاف نے مذاکرات کے دوران اپنی جانب سے کوئی اعدادوشمار نہیں دیے گئے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے اضافی آمدن کے ممکنہ تقاضے کے حوالے سے ایف بی آئی نے یہ موقف اپنایا ہے کہ نگران حکومت کے تحت وزارت قانون نے ٹیکس آمدن بڑھانے کے لیے کوئی تازہ صدارتی آرڈیننس لگانے کی مخالفت کی ہے۔

# روپے کی قدر میں مسلسل 13 روز سے کمی کا رجحان، ڈالر مزید مہنگا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں کمی کا سلسلہ 13 ویں کاروباری روز بھی جاری رہا۔ منگل 7 نومبر کو انٹر بینک مارکیٹ میں امریکی کرنسی کی قدر ایک روپے 71 پیسے بڑھ گئی۔ فوریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق تقریباً 12 بجے انٹر بینک مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی تجارت 287 روپے پر ہو رہی تھی، جو مرکزی بینک کے مطابق منگل 7 نومبر کو 286 روپے 29 پیسے پر بند ہوا تھا۔ اسی طرح اوپن مارکیٹ میں بھی روپے کے مقابلے میں ڈالر کی تجارت 287 روپے 50 پیسے پر ہو رہی تھی۔ بدھ 8 نومبر کو بھی ڈالر کی قدر میں 21 پیسے کا اضافہ ہوا اور وہ 286 روپے 50 پیسے پر ٹریڈ ہو رہا تھا۔ 20 اکتوبر کے بعد سے روپے کی قدر میں کمی کا رجحان مسلسل 13 ویں کاروباری روز جاری ہے، مقامی کرنسی کی قدر میں تقریباً 2.9 فیصد گراوٹ ہو چکی ہے۔ ستمبر میں کرنسی کی غیر قانونی مارکیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کے بعد روپے کی قدر میں نمایاں اضافہ دیکھا گیا تھا، تاہم منفی رجحان اس بحالی کے اثر کو زائل کر رہا ہے۔ متعدد بینکرز کو یقین ہے کہ ڈالر کی کم رسد اور برآمدات کی بہتر شرح نمو نہ ہونے کے سبب مقامی کرنسی کی قدر مزید کمزور ہو سکتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ 8 فروری 2024 کو ہونے والے عام انتخابات کے اعلان نے سیاسی اور معاشی منظر نامہ مزید بے یقینی سے جڑا ہے۔ کرنسی ماہرین نے کہا کہ ڈالر کی طلب زیادہ ہے، کیونکہ درآمد کنندگان مستقبل میں ڈالر کی قدر بڑھنے کے امکانات کے سبب زیادہ خریداری میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے سیکریٹری جنرل ظفر پراچا نے بتایا کہ رجحان تبدیل ہو رہا ہے، لوگ مستقبل میں روپے کی مضبوطی کے حوالے سے مایوس ہو رہے ہیں، جس کی وجہ سے برآمد کنندگان نے ایک بار پھر ڈالر فروخت کرنا روک دیے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جب بھی پاکستان میں سیاسی اور معاشی صورتحال بہتر ہونا شروع ہوتی ہے، ریاست مخالف عناصر فعال ہو جاتے ہیں، چاہے وہ ملک میں ہوں یا پھر ملک سے باہر۔ ظفر پراچا نے کہا کہ افغان مہاجرین ملک سے واپس جا رہے ہیں، وہ بھی جتنے ڈالرز اسمگل کر سکتے ہیں وہ کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تاہم پاکستان کے مالیاتی اشارے اچھے ہیں، اسٹاک ایکسچینج تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکا ہے۔

## کے الیکٹرک کے صنعتی صارفین پر 3 روپے فی یونٹ کا اضافی بوجھ

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی کو بجلی فراہم کرنے والے ادارے کے الیکٹرک کی جانب سے اپنے صنعتی صارفین پر 3 روپے فی یونٹ کا مزید اضافی بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد نیپرا نے بھی اپنا فیصلہ جاری کردیا ہے جس میں کے الیکٹرک کو صنعتی صارفین سے سبسڈی کی مد میں 3 روپے فی یونٹ واپس لینے کی اجازت دی گئی ہے۔ نیپرا نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ سبسڈی دینے کا اختیار وفاقی حکومت کا ہے۔ نیپرا کے فیصلے کے بعد وفاقی حکومت بھی نوٹیفکیشن جاری کرے گی، نوٹیفکیشن کے بعد کراچی کے صنعتی صارفین سے رقم کی واپسی شروع کر دی جائے گی۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے جولائی تا دسمبر 2019 انڈسٹریل ریلیف پیکیج کا اعلان کیا تھا، وفاقی حکومت کے پیکیج کا اطلاق پیک آورز اور آف پیک آورز کے لیے تھا۔ حکومت نے 22 جنوری 2020 کو آف پیک آورز کے لیے رعایت کو ختم کر دیا تھا، اس فیصلے کے بعد کے الیکٹرک نے سبسڈی کی رقم کی وصولی شروع کر دی تھی۔ عدالت میں چیلنج ہونے پر سبسڈی کی وصولی روک دی گئی تھی۔

# اکتوبر کے 17 دنوں میں ریکارڈ 220 ملین ڈالر جمع کروائے گئے، امانت بشیر

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چوہدری امانت بشیر نے کہا ہے کہ ڈالر کی اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن کے مثبت اثرات سامنے آئے ہیں اور اکتوبر کے 17 دنوں میں ایکسچینج کمپنیز میں ریکارڈ 220 ملین ڈالر جمع کروائے گئے ہیں، ڈالرز کی قدر نیچے آنے کے باوجود اس کے اثرات نمایاں نہیں ہوئے جس کا نوٹس لیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ستمبر میں 126 ملین کمرشل بینکوں کے ذریعے اسٹیٹ بینک میں سرنڈر کیے گئے تھے، امپورٹرز کی جانب سے ایل سیز کے لئے ڈالر میچور کروانے پر انٹر بینک میں تھوڑی ڈیمانڈ بڑھی۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار ایکسپورٹرز کی جانب سے فارورڈ ڈیکنگ کی جارہی ہے، ایکسپورٹرز کے ایڈوانس سودوں کی وجہ سے بڑے پیمانے پر ڈالرز آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان واپس جانے والے افغانی بھی ڈالر خرید رہے ہیں اس لئے اس پر بھی کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
